بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نور الایضاح کے سوالات

کتاب الطھارۃ

سوال ١ : نور الایضاح کے مصنف کے حالات آٹھ نکات کی روشنی میں تحریر کریں؟

سوال ٢ : کتنی طرح کے پانیوں سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے؟

سوال ٣ : طہارت کے اعتبار سے پانی کی کتنی اقسام ہیں؟

سوال ٤ : غلبہ سے کیا مراد ہے؟ نیز پانی پر غالب آنے والی اشیاء کی اقسام واحکام تحریر کریں؟

سوال ٥ : مختلف جانداروں کے جوٹھے پانی کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں؟

سوال ٦ : پاک وناپاک برتن اور کپڑے آپس میں مل جائیں تو کیا حکم ہوگا؟

سوال ٧ : کنویں میں اگر نجاست گر جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟

سوال ٨ : کن کن صورتوں میں کنویں کو پاک کرنے کے لئے کنویں کا تمام پانی نکالا جائے گا؟

سوال ٩ : مرغی یا چوہا وغیرہ کنویں میں گر جائیں تو پاک کیسے کیا جائے گا؟

سوال ١٠ : کن کن جانداروں کی بیٹ گرنے سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا؟ نیز کن کن کے گرنے سے ناپاکی کا حکم نہیں دیا جائے گا؟

(فصل ٣)

سوال ١١ : استنجا کا لغوی معنی بتایئے نیز استنجا کب فرض، واجب یا سنت ہوتا ہے تفصیلاً بیان کریں؟

سوال ١٢ : گرمی اور سردی میں مٹی کے ڈھیلے سے مرد وعورت کے استنجا کی کیفیت بیان کریں؟

سوال ١٣ : اگر کسی کو استنجا کے لئے باپردہ جگہ نہ ملے تو وہ کیا کرے گا؟

سوال ١٤ : وضو کے فرائض کون کون سے ہیں؟ نیز چہرے کی مکمل حد بیان کریں؟

سوال ١٥ : وضو کی سنتیں کون کون سی ہیں؟ نیز کوئی سی دس سنتیں بیان کریں؟

سوال ١٦ : وضو کے نواقض کون سے ہیں؟ نیز یہ بتائیں کہ اگر جسم سے خون ظاہر ہو کر اسی جگہ ٹھرا رہے تو وضو باقی رہے گا یا نہیں؟

سوال ١٧ : وہ کون سی باتوں ہیں جن سے وضو نہیں ٹوٹتا؟

سوال ١٨ : ناخن پالش کی صورت میں وضو ہونے یا نہ ہونے کی وجہ ارشاد فرمائیں؟

سوال ١٩ : وضو کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟ نیز یہ بتائیں کہ بے وضو کا قرآن کو چھونا کس دلیل سے منع ہے؟

سوال ٢٠ : وضو کے فرائض کو آیتِ قرآنی سے ثابت کریں؟

سوال ۲۱ : غسل کرنا کب فرض ہوتا ہے؟ تفصیلاً بیان کریں؟

سوال ۲۲ : میت کو غسل دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال ۲۳ : کن کن باتوں سے غسل فرض نہیں ہوتا؟

سوال ۲۴ : منی، مذی اور ودی کی تعریف کریں؟ نیز یہ بتائیں کہ احتلام سے غسل کب فرض ہوتا ہے؟

سوال ۲۵ : غسل کا سنت طریقہ بیان کریں؟

سوال ۲۶ : کن کن امور کے لئے غسل سنت ہے؟ اور کن کن امور کے مستحب ہے؟

سوال ۲۷ : تیمّم کا سبب اور شرائط بیان کریں؟

سوال ۲۸ : تیمّم میں نیت کیوں ضروری ہے جبکہ وضو میں ضروری نہیں؟ فرق کی وجہ بیان کریں؟

سوال ۲۹ : تیمّم کے کتنے اور کون سے فرائض ہیں؟ نیز تیمّم کا سنت طریقہ بیان کریں؟

سوال ۳۰ : تیمّم کن کن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے نیز وضو اور غسل کے تیمّم میں کیا فرق ہے؟

سوال ۳۱ : قرآنِ پاک سے تیمّم کا جواز ثابت کریں؟

سوال ۳۲ : تیمّم کن کن چیزوں سے جائز ہے؟ اور جنسِ زمین سے کیا مراد ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ درخت جنسِ زمین سے ہے اگر ہے تو اس سے تیمّم کیوں جائز نہیں؟

سوال ۳۳ : کن کن نمازوں کے لئے تیمّم کی اجازت ہے نیز کس نیت سے تیمّم کیا جائے تو اس کے ساتھ نماز جائز ہو گی؟

سوال ۳۴ : موزوں پر مسح کن شرائط کے جائز ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ جرابوں پر مسح کیوں نہیں ہو سکتا؟

سوال ۳۵ : موزوں پر مسح کی مدّت مقیم اور مسافر کے لئے کتنی ہے؟ نیز یہ مدّت کب سے شروع ہوتی ہے؟

سوال ۳۶ : موزوں کا مسح کس وقت ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال ۳۷ : حیض، نفاس اور استحاضہ کی تعریف نیز ہر ایک کا حکم بیان کریں؟

سوال ۳۸ : کن کن عورتوں کو حیض نہیں آتا؟

سوال ۳۹ : معذور کون لوگ ہیں؟ ان کی طہارت کا کیا حکم ہے؟ نیز عذر ثابت ہونے کے لیے کیا شرط ہے؟

سوال ۴۰ : نجاست غلیظہ اور خفیفہ کی تعریف لکھیں؟ نیز یہ بتائیں کہ کون کون سی چیزیں نجاست غلیظہ اور خفیفہ ہیں؟ اور خفیفہ کی کس قدر مقدار معاف ہے؟

سوال ۴۱ : نجاست مرئیہ اور غیر مرئیہ کو دور کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

سوال ۴۲ : کن کن جانوروں کا چمڑا دباغت سے پاک ہو جاتا ہے اور کن کا نہیں ہوتا؟ نیز پاک نہ ہونے کی وجہ بیان فرمائیں؟

سوال ۴۳ : نماز کے فرض ہونے کے لئے کتنی اور کون سی شرائط ہیں؟

سوال٤٤ : نماز کے اسباب کون سے ہیں؟ نیز کون کون سے اوقات کی نماز فرض ہے؟

سوال٤٥ : نماز کے ابتدائی اور انتہائی اوقات کو تفصیلاً بیان کریں؟

سوال٤٦ : دو نمازوں کو جمع کرنا کیسا ہے؟ مذہبِ حنفی کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال٤٧ : کن کن اوقات میں کوئی سی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟

سوال٤٨ : اذان واقامت کی شرعی حیثیت بیان کریں نیز اذان پڑھنے کے آداب بیان کریں؟

سوال٤٩ : اذان کے بعد درود شریف پڑھنا کیسا ہے؟ نیز اذان کے بعد کی دعا مع ترجمہ تحریر کریں؟

سوال٥٠ : نماز کی شرائط اور فرائض بیان کریں؟ نیز اگر کوئی شرط یا فرض چھوٹ جائے تو نماز کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

سوال٥١ : نماز کے کتنے اور کون سے واجبات ہیں؟ نیز اگر کوئی واجب چھوٹ جائے تو کیا نماز کی تکمیل کیسے ہوگی؟

سوال٥٢ : نماز کے کتنی اور کون سی سنتیں ہیں؟ نیز اگر کوئی سنت چھوٹ جائے تو نماز کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

سوال٥٣ : اگر کوئی شخص پہلا قعدہ بھول کر کھڑا ہو جائے تو اسے کیا کرنا چاہئے؟

سوال٥٤ : اگر کوئی شخص آخری قعدہ بھول کر کھڑا ہو جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ اور آخری قعدہ پڑھ کر کھڑا ہوا تو کیا کرنا ہوگا؟ تفصیلاً بیان کریں؟

سوال٥٥ : نماز پڑھنے کا مکمل طریقہ بیان کریں؟ نیز مرد و عورت کی نماز میں کیا فرق ہے؟

سوال٥٦ : تیسری رکعت میں ثناء پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ نیز پہلے قعدہ میں کب درود شریف اور دعا پڑھی جائے گی؟

سوال٥٧ : امام کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور امام میں کن کن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے؟

سوال٥٨ : مقتدی کی امام کے پیچھے نماز صحیح ہونے کے لئے کتنی اور کون سی شرائط ہیں؟

سوال٥٩ : کون لوگوں کو جماعت کی حاضری سے رخصت ہے؟

سوال٦٠ : امامت کے استحقاق میں ترتیب کیا ہے؟

سوال٦١ : کن لوگوں کی امامت مکروہ ہے نیز صفوں کی کیا ترتیب ہوگی؟

سوال٦٢ : مقتدی کہاں کہاں امام کی اتباع کرے؟ اور کس عمل میں نہ کرے؟

سوال٦٣ : کون کون سی باتیں نماز کو توڑ دیتی ہیں؟

سوال٦٤ : نسیان اور غلطی میں کیا فرق ہے؟ نیز کس صورت میں کلام سے نماز باطل ہو جاتی ہے؟

سوال٦٥ : نماز میں قرات کی غلطی سے متعلق "زِلَّةُ القَارِی" کا خلاصہ بیان کریں؟

سوال٦٦ : کن کن باتوں سے نماز نہیں ٹوٹتی؟

سوال٦٧ : نماز کے کتنے اور کون سے مکروہات ہیں؟ کوئی سے پندرہ کی تفصیل بیان کریں؟

سوال ٦٨ : سُترہ کسے کہتے ہیں؟اس کا شرعی حکم کیا ہے؟ نیز اس کی مقدار اور رکھنے کی کیفیت کیا ہو گی؟

سوال ٦٩ : نمازی کیلئے کون کون سے کام مکروہ نہیں ہیں؟

سوال ٧٠ : نمازی کیلئے نماز توڑنا کب واجب ہے؟اور کس صورت میں جائز ہے؟

سوال ٧١ : نماز میں تاخیر کب جائز ہے؟ نیز تارکِ صلوٰۃ کا کیا حکم ہے؟

سوال ٧٢ : وتر کتنی رکعات ہیں؟ان کا وقت کیا ہے؟اور یہ جماعت کے ساتھ کب پڑھے جاتے ہیں؟

سوال ٧٣ : دعائے قنوت مع ترجمہ لکھیں اور بتائیں کہ اس کا حکم کیا ہے؟اور اگر کسی کو دعائے قنوت یاد نہ ہو تو وہ کیا پڑھے؟

سوال ٧٤ : جو آدمی امام کے ساتھ تیسری رکعت کے رکوع میں ملا وہ دعائے قنوت پڑھے یا نہ؟

سوال ٧٥ : سنتِ موکدہ اور غیرِ موکدہ اوقات کے اعتبار سے تفصیلا لکھیں؟

سوال ٧٦ : تحیۃُ المسجد، تحیۃُ الوضو، چاشت کی نماز اور استخارہ کی تعریف کریں؟

سوال ٧٧ : سواری پر نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ تفصیلًا لکھیں

سوال ٧٨ : کشتی پر نماز کیسے پڑھی جائے گی؟ نیز دریا کے درمیان اور کنارے سے بندھی کشتی میں نماز پڑھنے کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟

سوال ٧٩ : تراویح کی شرعی حیثیت کیا ہے؟تراویح کی رکعات پر اہلسنت کے دلائل بحوالہ ذکر کریں؟

سوال ٨٠ : تراویح میں ختم قرآن کا مسئلے کی وضاحت کریں؟ نیز سورت کی تراویح پڑھنے پڑھانے پر روشنی ڈالیں؟

سوال ٨١ : کعبۃُ اللّٰہ کے اندر یا چھت کے اوپر نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ نیز کعبۃُ اللّٰہ کے گرد نماز پڑھنے والوں میں سے کسی کی نماز نہیں ہوتی اور کیوں؟

سوال ٨٢ : مسافر کسے کہتے ہیں؟ سفر شرعی کی حد کیا ہے؟اور مسافر کی نماز اور روزے کا حکم بیان کریں؟

سوال ٨٣ : مسافر قصر کب شروع کرے گا؟اور اگر کوئی مسافر چار رکعت ادا کرتا ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟

سوال ٨٤ : بیمار کس طرح نماز پڑھے گا؟اگر کوئی شخص قیام پر قادر ہو لیکن رکوع سجدہ نہ کر سکتا ہو وہ نماز کیسے پڑھے گا؟

سوال ٨٥ : مرنے والے کے ذمے جو نمازیں اور روزے ہیں ان کے اسقاط کا کیا طریقہ ہے؟ نیز حیلہء اسقاط کسے کہتے ہیں؟اور اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال ٨٦ : فوت شدہ نمازوں کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟ صاحب ترتیب کون ہے؟اور ترتیب کن صورتوں میں ساقط ہو جاتی ہے؟

سوال ٨٧ : اگر کسی شخص نے تنہا فرض نماز پڑھنا شروع کی پھر جماعت کھڑی ہو گئی تو کیا کرے اسی طرح سنتیں پڑھنے والا نماز کھڑی ہونے یا جمعہ کے لئے خطیب کے نکلنے کی صورت میں کیا کرے گا؟ تفصیل سے لکھیں۔

سوال ۸۸ : فجر کی سنتوں کا مسئلہ کیا ہے اور کن نمازوں میں جماعت کے ساتھ نفل نماز کی نیت سے شریک ہو سکتا ہے جب کے فرض نماز پہلے پڑھ چکا ہو؟

سوال ۸۹ : سجدہ سہو کن کن صورتوں میں ہوتا ہے؟اور اس کا طریقہ کیا ہے؟

سوال ۹۰ : نماز میں شک پیدا ہو جانے کی صورت میں کیا کیا جائے؟

سوال ۹۱ : سجدہ تلاوت کب واجب ہوتا ہے؟آیاتِ سجدہ کتنی ہیں صرف چھ کے مقامات لکھیں نیز بتائیں کے ایک مجلس میں بار بار تلاوت کرنے سے ایک ہی سجدہ ہوگا؟ یا زیادہ نیز مجلس کب بدلتی ہے؟

سوال ۹۲ : نماز جمعہ کن لوگوں پر فرض ہے؟اور کن شرائط کے ساتھ صحیح ہوتی ہے؟

سوال ۹۳ : خطبہ جمعہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟اور اس کی سنتیں کیا کیا ہیں؟

سوال ۹۴ : جمعہ کی نماز کی کتنی رکعات ہیں؟اور ان کی تفصیل کیا ہے؟

سوال ۹۵ : عیدین کی نماز فرض ہے یا واجب؟پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟اور کتنے دن تک پڑھی جا سکتی ہے؟

سوال ۹۶ : عید کے دن نماز اشراق کا کیا حکم ہے؟نیز ایام تشریق کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال ۹۷ : کسوف، خسوف اور استسقا کی تعریف کریں اور انکی نمازوں کے بارے میں وضاحت کریں۔

سوال ۹۸ : خوف کے وقت نماز پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال ۹۹ : جب کوئی شخص قریب المرگ ہو تو کیا کیا جائے؟نیز میت کو غسل دینے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال ۱۰۰ : میت کا کفن مرد اور عورت کے اعتبار سے تفصیلا لکھیں نیز میت کی تکفین کا کیا طریقہ ہے؟

سوال ۱۰۱ : نماز جنازہ کا شرعی حکم کیا ہے اور اس کے پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

سوال ۱۰۲ : نماز جنازہ پڑھانے کا حقدار کون ہے؟اگر کئی اموات اکھٹی ہو جائیں تو نماز جنازہ کیسے پڑھی جائے گی؟نیز غائبانہ جنازہ کا کیا حکم ہے؟

سوال ۱۰۳ : مسلمان کے رشتہ دار کافر، باغی اور ڈاکو نیز ماں باپ کے قاتل کا جنازہ پڑھا جائے گا یا نہیں؟

سوال ۱۰۴ : میت کی چارپائی اٹھانے اس کے ساتھ چلنے اور قبر میں داخل کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

سوال ۱۰۵ : ایک قبر میں متعدد میت دفن کرنا ہوں تو کیا طریقہ ہے؟اور ایسا کب کیا جا سکتا ہے؟

سوال ۱۰۶ : زیارت قبور کا شرعی حکم کیا ہے؟کیا عورتیں بھی زیارت قبور کے لئے جا سکتی ہیں؟

سوال ۱۰۷ : شہید شرعی کون ہے؟اس کے غسل کفن اور نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

سوال ۱۰۸ : روزے کی شرعی تعریف، سببِ وجوب، سبب ادا اور حکم شرعی بیان کریں؟

سوال۱۰۹ : روزہ کس پر فرض ہوتا ہے؟ صحت ادا کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟ اس کے ارکان کون کون سے ہیں؟ اور حکم کیا ہے؟

سوال۱۱۰ : روزے کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں تفصیلًا بیان کریں؟

سوال۱۱۱ : روزے کی نیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ کہاں تعین ضروری ہے اور کہاں نہیں؟ کس قسم میں دن کو بھی نیت ہو سکتی ہے؟ اور کس روزے کے لئے رات کو نیت ضروری ہے؟

سوال۱۱۲ : چاند دیکھنے اور یومِ شک کے روزے کے بارے میں تفصیلًا بیان کریں؟

سوال۱۱۳ : کون کونسی چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ اور کفارہ مع قضاء لازم ہوتا کب صرف قضاء لازم آتی ہے؟ اور کن صورتوں میں قضاء بھی لازم نہیں آتی؟

سوال۱۱۴ : قے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں وضاحت سے لکھیں؟

سوال۱۱۵ : روزے کا کفارہ کیا ہے؟ کیا چیزیں ہیں اور ان کے تفصیلی احکام کیا ہیں؟

سوال۱۱۶ : روزے کے مکروہات اور مستحبات کا تفصیلی جائزہ پیش کریں؟

سوال۱۱۷ : کن عوارض کی بنیاد پر روزہ چھوڑا جاسکتا ہے؟

سوال۱۱۸ : روزے کا فدیہ کیا ہے اور کون کونسے لوگ یہ فدیہ دینے کا حق رکھتے ہیں؟

سوال۱۱۹ : اعتکاف کا لغوی اور اصلاحی معنٰی لکھیں اس کی اقسام لکھیں نیز بتاہیں کہ مرد و عورت کے اعتکاف میں کیا فرق ہے۔ اور مرد معتکف مسجد سے باہر جاسکتا ہے یا نہیں؟

سوال۱۲۰ : زکاۃ کا لغوی اور اصلاحی معنٰی بیان کریں نیز زکاۃ کی دینی اور معاشرتی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

سوال۱۲۱ : زکاۃ کے وجوب اور وجوب ادا کی شرائط لکھیں نیز مال کے بڑھنے کی کیا صورت ہے؟

سوال۱۲۲ : دین کی اقسام اور زکاۃ دین کے احکام تفصیلًا لکھیں۔

سوال۱۲۳ : مال ضمار کسے کہتے ہیں اور اس کی زکاۃ کا کیا حکم ہے؟

سوال۱۲۴ : سونے اور چاندی کی زکاۃ کس طرح دی جائے گی اگر سونا اور چاندی ملے جلے ہوں تو ادائیگی کی کیا صورت ہوگی؟

سوال۱۲۵ : سونے اور چاندی کا نصاب لکھیں نیز بتائیں کہ کتابوں پر بھی زکاۃ ہے یا نہیں؟

سوال۱۲۶ : دس درہم سات مثقال کے ہونے کی تفصیل لکھیں۔

سوال۱۲۷ : اگر کسی شخص پر زکاۃ واجب ہوئی اور اس نے ادا نہیں کی اور مال ضائع ہوگیا تو کیا وہ ساقط ہو جائے گی؟

سوال۱۲۸ : زکاۃ کن کن لوگوں کو دی جاسکتی ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے مصارف زکاۃ لکھیں۔ کیا مسجد کی تعمیر میں زکاۃ خرچ کی جاسکتی ہے۔ اگر نہیں تو کیوں؟

سوال۱۲۹ : کن کن لوگوں کو زکاۃ نہیں دی جاسکتی نیز یہ بتائیں کہ والدین کو زکوۃ دی جاسکتی ہے؟

سوال۱۳۰ : صدقہ فطر کس پر واجب ہے اور اس کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے۔ نیز اس کا فلسفہ کیا ہے کیا وقت سے پہلے ادائیگی ہو سکتی ہے؟

سوال۱۳۱ : کن کن چیزوں سے صدقہ فطر دینا جائز ہے۔اور ایک آدمی کی طرف کتنا صدقہ ہوگا ہر چیز سے مقدار لکھیں۔ نیز اگر قیمت دیں تو کس حساب سے دینا ہوگی؟

سوال۱۳۲ : حج کا لغوی اور شرعی معنیٰ بیان کریں؟ نیز بتائیں کہ معاشرتی زندگی میں حج کے فوائد کیا ہیں؟

سوال۱۳۳ : فرضیتِ حج کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟ اگر کسی شخص کو کوئی دوسرا آدمی اتنی رقم ادھار دے جو حج کے مصارف کے لیے کفایت کرتی ہے تو کیا اس پر حج فرض ہوگا؟

سوال۱۳۴ : حج کے وجوب ادا کے لیے کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟

سوال۱۳۵ : حج کے فرائض کون کونسے ہیں؟

سوال۱۳۶ : واجباتِ حج کی تعداد لکھیں اور ان میں سے کوئی دس بیان کریں؟

سوال۱۳۷ : مندرجہ ذیل کی تعریف کریں۔

طواف، رمل، سعی، رمی، تنبیہ، جمرات، احرام، اضطباع۔

سوال۱۳۸ : طواف کی اقسام اور ان کا حکم بیان کریں؟

سوال۱۳۹ : تین جمروں کو کنکریاں مارنے کا طریقہ تفصیل سے بیان کریں؟

سوال۱۴۰ : حج کا طریقہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

سوال۱۴۱ : عمرہ کا شرعی حکم کیا ہے اور اس میں کیا کیا امور انجام دینے ہوتے ہیں؟ نیز اسکا وقت بیان کریں؟

سوال۱۴۲ : حج کی تین قسموں کے نام لکھیں؟ تعریف کریں اور ترتیب فضیلت لکھیں؟

سوال۱۴۳ : حج کی کس کس صورت میں قربانی واجب ہے۔احرام کے دوران کیا کیا کام منع ہیں اور ان کی خلاف ورزی کی صورت میں جو ہرجانہ لازم آتا ہے اس کی کیا کیا صورتیں ہیں۔ اگر ایک نقشہ بنائیں تو زیادہ مناسب ہوگا۔

سوال۱۴۴ : روضہ رسول ﷺ کی زیارت کی شرعی حیثیت کیا ہے اور اس کا طریقہ کیا ہے؟ زیارت النبی ﷺ کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیں۔

سوال۱۴۵ : عورتوں کے لیے مزارات کی حاضری کا کیا حکم ہے؟

سوال۱۴۶ : حاجی صاحبان روضہ مطہرہ کے علاوہ اور کن کن مقامات پر حاضری دیتے ہیں، تفصیلاً لکھیں؟